Regionales Landesamt für Schule und Bildung Osnabrück

OSNABRÜCK
DIE | FRIEDENSSTADT




www.klartext-grafik.de : ترتیب ,Adobe Stock : فوٹو ,November 2021 : اجرا

# اوسنابروک میں
# سیکنڈری سکول
# میں منتقل

ایڈیٹرز
شٹڈ اوسنابروک
لارڈ میئر
محکمہ تعلیم، سکول اور کھیل
4460 پی ـ او۔باکس
49025 اوسنابروک

جنل ریاستی دفتر برآئے سکول اور ایجوکیشن اوسنابروک
3569 پی۔او۔باکس
49025 اوسنابروک


## جماعت چہارم کی بچیوں اور بچوں کے
## پیارے والدین اور سرپرست

آپ کا بچہ آئندہ گرمیوں میں اپنا پرائمری سکول ( گرونڈ شولے) مکمل کر لے گا۔ کچھ بچے اس بارہ میں یقینی طور پر آگاہ ہیں کہ وہ کس سیکنڈری سکول میں جانا چاہتے ہیں۔ جبکہ دوسرے والدین اور سرپرست کے ساتھ مل کر اس بارے میں سوچیں گے کہ اُن کے لیے کونسا سکول بہتر رہے گا۔
پہلا سوال جو آپ کے ذہن میں اُبھرتا ہے وہ یہ ہے کہ آپ کے بچے کے لیے کونسا سکول بہترین رہے گا۔ اس ضمن میں آپ کو چوتھے تعلیمی سال میں ایلیمنٹری سکول کی جانب سےدو ذاتی مشاورتی سیشن پیش کیے جائیں گے۔اس سلسے میں یہ کتابچہ آپ کی مذید راہنمائ کرتا ہے۔یہ اوسنابروک شہر میں سیکنڈری سکول کے شعبے میں انفرادی سکول کی اقسام کی خصوصیات پیش کرتا ہے۔ اس سے آپ ممکنہ طور پر بہتر فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کونسا سکول بچوں کو اُن کی متعلقہ صلاحیتوں کے ساتھ بہترین بڑھوتری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

اس کتابچے کا مقصد آپ کے بچے کے مستقبل کے لیےاس اہم فیصلے میں آپ کی مدد کرنا ہے۔ اسے اپنے بچے کے ساتھ مل کر بہترین حل تلاش کرنے کے لیے استعمال کریں۔

**Wolfgang Beckermann**
**ڈائریکٹربرآئے**
**تعلیم،ثقافت وخاندان**
شہر اوسنابروک

**Thomas Schippmann**
**حکام (کمیشن)**
ریجنل ریاستی
دفتر برآئے سکول اور
ایجوکیشن اوسنابروک




## سکولزکی اقسام

سکولوں پہ ایک نظر
اوسنابروک شہر کےسیکنڈری سکولز

### ہائی سکولز

**1 Friedensschule Osnabrück**
Rolandsmauer 6, 49074 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 85 20 0
www.friedensschule-osnabrueck.de

**2 Oberschule am Sonnenhügel**
Knollstraße 143, 49088 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 84 50 0
www.obs-sonnenhuegel.de

**3 Bertha-von-Suttner-Oberschule Osnabrück**
Gottlieb-Planck-Straße 3, 49080 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 84 20 0
www.bertha-von-suttner-oberschule.de

**4 Erich-Maria-Remarque-Schule**
August-Hölscher-Straße 36, 49080 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 84 40 0
www.emr-schule.de

### گمنازئیم

**5 Ernst-Moritz-Arndt-Gymnasium**
Knollstraße 143, 49088 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 84 70 0
www.ema-os.de

**6 Graf-Stauffenberg-Gymnasium**
Gottlieb-Planck-Straße 1, 49080 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 84 80 0
www.gsg-os.de

**7 Gymnasium Carolinum**
Große Domsfreiheit 1, 49074 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 84 90 0
www.carolinumosnabrueck.de

**8 Gymnasium „In der Wüste“**
Kromschröderstraße 33, 49080 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 85 00 0
www.gidw.de

**9 Ratsgymnasium**
Hans-Böckler-Straße 12, 49074 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 85 10 0
www.ratsgymnasium-os.de

### جامع سکول

**10 Gesamtschule Osnabrück-Schinkel**
Windthorststraße 79 – 83, 49084 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 86 00 0
www.gesamtschule-schinkel.de

**11 Integrierte Gesamtschule Osnabrück**
Eversheide 18, 49090 Osnabrück
Tel. 0541 / 323 86 20 0
www.igs-osnabrueck.de

## بسٹم اوسنابروک میں سکول فاونڈیشن کے جامع سکولز

### ہائی سکولز

**12 Domschule**
Herrenteichswall 2, 49074 Osnabrück
Tel. 0541 / 350 98 10
www.domschule-os.de

**13 Thomas-Morus-Schule**
Bramstraße 40, 49090 Osnabrück
Tel. 0541 / 962 94 30
www.thomas-morus-schule.de

### گمنازئیم


**14 Angelaschule**
Bramstraße 41, 49090 Osnabrück
Tel. 0541 / 61 09 40
www.angelaschule-os.de

**15 Ursulaschule**
Kleine Domsfreiheit 11 – 18, 49074 Osnabrück
Tel. 0541 / 31 87 01
www.ursulaschule.de






# آپ کے بچوں کے لیے موزوں ترین سکول کا چناوَ



اپنے بچے کے نگران ہونے کی حیثیت سےآپ اُس کے ساتھ مل کر یہ فیصلہ کریں گے کہ جماعت پنجم سےاُسے کس سکول میں جانا چاہیے۔ اس ضمن میں آپ کو اپنے بچے کی تعلیمی کارکردگی کے علاوہ اس کی ذاتی قابلیت اور ضروریات کو مدِّنظررکھنا ہو گا۔ پرائمری سکول کے دونوں مشاورتی سیشن سے آپ کو لازمی اپنے فیصلے میں مدد مل سکے گی۔ سرکاری سکول کی اس پیشکش کواوسنابروک شہراپنی میونسپل ذمہ داری کے طور پر ضروری سمجھتا ہے۔ اس طرح سے آپ کے لیے 2021۔2022کے تعلیمی سال کے آغاز سےجماعت پنجم کے لیے جن سکولوں کی اقسام موجود ہیں ان میں ہائی سکول (اوبر شولے) ،جامع سکول (گزمٹ شولے) اورہائیرسیکنڈری سکول ( گمنازیئم) شامل ہیں۔ جامع سکول (گزمٹ شولے) کے تحت آپ کو اختیارحاصل ہے کہ آپ ایک مربوط اور کوآپریٹیوجامع سکول کے درمیان انتخاب کر سکیں۔ سکول کی یہ اقسام آپ کے تعلیمی مقاصد، سلیبس کے مرتب ہونے نیزسکول کے سرٹیفکیٹ اورمزید تعلیم کےحصول کے لحاظ سےمختلف ہوتی ہیں۔ ایسے بچے جن کو تعلیم میں خصوصی مدد کی ضرورت ہوتی ہےوہ بھی ان سکول کی اقسام میں سے انتخاب کر سکتے ہیں، اِس کے ساتھ اُن کو خصوصی ضروریات والے سکول (سپیشل بچے)(فورڈرشولے) میں جانے کا اختیاربھی ہوتا ہے۔

## سیکنڈری سکول (OBS)

### اہداف

- ایسی تعلیم کا حصول جس کے تحت طالبات و طلبہ نہ صرف پیشہ ورانہ ہنر بلکہ اعلی تعلیم حاصل کر سکیں۔
- بنیادی، اضافی اور گہری عمومی تعلیم
- بنیادی ہنر مندی، خود مختاری اور سماجی تعلیم کو مضبوط بنانا۔
- انفرادی تعلیمی ترجیح : غیر ملکی زبانیں، بزنس و کامرس، ٹیکنالوجی یا صحت اور سماجی امور

### کلاس کا منظم طریق

- کلاس سے متعلق سالانہ اسباق (بنیادی طور پہ مشترکہ کلاس کا انعقاد، منتخب مضامین نیز کارکردگی کے مطابق مختلف مضامین ) یا سکول برانچ سے منسلک (سکول برانچ ایچ ایس / آر ایس میں کلاس کا انعقاد ہونا)
- سکھانے کے عمل کو سیکھنے کے مختلف تقاضوں کو پورا کرنا چاہیے اور ہنر، صلاحیتوں اور رجحانات نیز سیکھنے کے مختلف رویے کے ساتھ انصاف کرنے والا ہونا چاہیے۔
- سکول کی اقسام سے متعلق کارکردگی کا جائزہ
- ( جماعت ششم کے تعلیمی سال سے) دوسری غیر ملکی زبان کا انتخاب اختیاری مضمون ہے۔
- تعلیمی طریقہ کار کی اہلیت پر زور دیا جانا۔
- ایک کامیاب کیریر کے انتخاب میں فیصلے کے لیے پیشہ ورانہ واقفیت کی ترجیح (ڈپلوما اور یونیورسٹی میں تعلیم)

## جامع سکول (GS)

### اہداف

- ایک بنیادی، اضافی یا وسیع اور گہری عمومی تعلیم کو فراہم کرنا۔
- طلبہ کی کارکردگی اور دلچسپی کے مطابق انفرادی ترجیحات کو فعآل بنانا۔
- بنیادی مہارتوں کو مظبوط بنانا جس میں ذاتی طور پہ سیکھنے کا عمل اور سائنسی امور بھی شامل ہیں ۔
- طالبات اور طلبہ کو بااختیار بنانا کہ ان کا ڈگری (تعلیم مکمل کرنے) پہ انحصار رہے تا وہ اپنے تعلیمی پیشہ ور کیریر یا اعلی تعلیم کو جاری رکھیں۔

## کمپری ہنسو جامع سکول (IGS)

### کلاس کا منظم طریق

- انفرادی سطح پہ سکول کی کلاس میں سبق کا پڑھایا جانا۔
- ابتدائی سیکنڈری لیول اور اسی طرح ہائرسیکنڈری سکول (گیارہویں تا تیرہویں جماعت) میں ایک ٹیم کی سال بھر کے لیے آپ کی مدد کے لیے موجود رہنا۔
- تمام طرح کی ڈگریوں کا حصول ممکن ہے۔
- جماعت ہشتم تک پراگریس رپورٹ، جماعت دہم تک تبصرے کے ساتھ حاصل شدہ نمبروں کا سرٹیفکیٹ
- دو سے تین غیر ملکی زبانوں کا حصول ممکن ہے ( ہسپانوی، فرانسیسی، لاطینی)۔

## کوآپریٹیو جامع سکول (KGS)

### کلاس کا منظم طریق

- سکول کی اقسام مڈل سکول (ہاپٹ شولے)، سیکنڈری سکول (ریال شولے) اورھایئرسیکنڈری سکول ( گمنازیئم) باہم منسلک اورایک دوسرے سے جڑی ہوئ مربوط شاخیں ہیں۔
- تمام سکولوں کے (اسناد) سرٹیفکیٹس حاصل کیے جا سکتے ہیں۔
- جماعت پنجم تا ہشتم:
- مشترکہ، ہر قسم کے سکول کی تعلیم کا حصول ممکن ہے۔
- جماعت نہم سے : سالانہ امتحانات کی تیاری کے مطابق پڑھایا جانا۔
- ہسپانوی، فرانسیسی، لاطینی زبانوں کا غیر ملکی زبانوں کے طور پہ انتخاب کیا جانا۔

## ہائر سیکنڈری (Gym)

### اہداف

- ایک وسیع اورمفصّل عمومی تعلیم کی فراہمی
- آذادانہ سیکھنے کی صلاحیت اور سائنس کے کام کوفروغ دینا۔
- انفرادی طور پر مہارت کے مطابق طالبات و طلبہ کے رجحانات کے مطابق مواقع فراہم کرنا۔
- پیشہ ورانہ نیزاعلی تعلیم کے حصول کی تیاری کروانا۔

### کلاس کا منظم طریق

- جماعت پنجم تا دہم : سکول کی کلاس میں سبق کا پڑھایا جانا ، جماعت ششم سے دوسری غیر ملکی زبان کا لازمی انتخاب۔
- ہائر سیکنڈری سطح کے تعارفی مرحلہ سے : • گیارہویں جماعت
- بورڈ کے امتحانات میں کامیابی کے لیے تیاری کروانے تک، مضامین کو کلاس میں مفصل طریق پہ پڑھایا جاتا ہے۔
- بارہویں / تیرہویں جماعت: ہائیرسیکنڈری سکول کے سالوں میں پاس ہونے کا مرحلہ جس کے آخر میں سیکنڈری بورڈ (آبیٹوور) کا امتحان ہوتا ہے ، اس مرحلے میں انفرادی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے کورسز کی صورت میں مضامین کو پڑھایا جاتا ہے۔

## خصوصی سکول (FöS)

- خصوصی بچوں کےاس سکول میں جذباتی اور سماجی بڑھوتری نیزجسمانی اور کھیل کود کی ترقی کے ساتھ ساتھ سماعت سے محروم افراد کو قومی تعلیمی مرکز میں پڑھایا جاتا ہے، یہ تعلیم ابتدائی سیکنڈری سطح کےسکول کے بنیادی نصاب پہ مبنی ہوتی ہے (اس کا مقصد ایک خاص ٹریننگ کا حصول ہوتا ہے) ۔

### ترجیحات

- خصوصی سکول کی تعلیم مڈل سکول (ہاپٹ شولے) کے بنیادی نصاب پر مبنی ہوتی ہے (اس کا مقصد مختلف قسم کی ٹریننگ کا حصول ہوتا ہے)۔
- خصوصی سکول کا فوکس ذہنی نشوونما پر ہوتا ہے جس کی تعلیم کا اپنا ایک مخصوص نصاب ہوتا ہے (اس کا مقصد مختلف قسم کی ٹریننگ کا حصول ہوتا ہے)۔
خصوصی سکول کی اس قسم میں پرائمری سطح کے علاوہ ابتدائی سیکنڈری لیول (تعلیمی سال پنجم تا نہم) اورایڈوانس سیکنڈری لیول ( تعلیمی سال دہم تا بارہویں) تک کی تعلیم دی جاتی ہے۔

## اضافی تعلیم کے لیے ممکنہ اسناد / سرٹیفکیٹس کا حصول

- خصوصی تعلیم کا سرٹیفکیٹ (جماعت نہم کے بعد)
- ہائی سکول (ہاپٹ شول ) کا سرٹیفکیٹ (جماعت نہم کے بعد)
- ابتدائی سیکنڈری سکول کا سرٹیفکیٹ
- مڈل سکول نیزمیٹرک تک سکول (ہاپٹ شولے نیز ریال شولے کا سرٹیفکیٹ جماعت دہم کے بعد)
- ایڈوانس سیکنڈری تعلیم کا سرٹیفکیٹ (جماعت دہم کے بعد)

---

- خصوصی تعلیم کا سرٹیفکیٹ (جماعت نہم کے بعد)
- ہائی سکول کا سرٹیفکیٹ (جماعت نہم کے بعد)
- ابتدائی سیکنڈری سکول کا سرٹیفکیٹ (مڈل سکول نیزمیٹرک سکول کا سرٹیفکیٹ جماعت دہم کے بعد)
- ایڈوانس سیکنڈری تعلیم کا سرٹیفکیٹ (جماعت دہم کے بعد)
- ٹیکنیکل کالج میں داخلے کی اہلیت (سکول کی تعلیم کا حصہ، بارہویں جماعت کے بعد)
- یونیورسٹی میں داخلے کی اہلیت (ہائیرسیکنڈری کا سرٹیفکیٹ)

---

- ابتدائی سیکنڈری سکول کا سرٹیفکیٹ (جماعت دہم کے بعد)
- ٹیکنیکل کالج میں داخلے کی اہلیت (سکول کی تعلیم کا حصہ، بارہویں جماعت کے بعد)
- یونیورسٹی میں داخلے کی اہلیت (ہائیرسیکنڈری (آبیٹوور) کا سرٹیفکیٹ)

---

- ایف او ایس ای ایس ای، کے ایم، ایل بی زیڈ : ان تینوں خصوصی
سکولوں کی اقسام میں ابتدائی سیکنڈری سکول کا سرٹیفکیٹ (سند) اسی طرح حاصل کیا جا سکتا ہے جس طرح باقاعدہ سکولوں میں حاصل کیا جاتا ہے۔
- ایف او ایس ایل: خصوصی سکول کی تعلیم کا سرٹیفکیٹ (سند) (جماعت نہم کے بعد): جماعت دہم کے تعلیمی سال میں اپنی مرضی سےحصہ لینے کے بعد سیکنڈری سکول کا سرٹیفکیٹ (سند)
- ایف او ایس جی ای: سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ

## ممکنہ سرٹیفکیٹس کا حصول

**مزید تعلیم کے مواقع او بی ایس**

ایک عام گرامر سکول، ایک پیشہ ورانہ ڈپلوما، ایک پیشہ ورانہ سکول، ایک تکنیکی کالج یا پیشہ ورگرامر سکول میں منتقلی کا انحصار سرٹیفکیٹ کی قسم پہ ہوتا ہے۔

**مزید تعلیم کے مواقع**

**جامع سکولز اور ہائرسیکنڈری سکولز**

پیشہ ورانہ سکولز، پیشہ ورانہ ڈپلوما، اپلائیڈ سائنسز کی یونیورسٹیوں یا عام یونیورسٹیوں / کالج میں منتقلی کا انحصار سرٹیفکیٹ کی قسم پر ہوتا ہے۔

